ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

100ویں ٹیسٹ وکٹ پر شاہین شاہ آفریدی کی نظریں۔

- ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی پر بہت خوش ہوں

ہمبنٹوٹا13جولائی،2023:

فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے جب منگل کے روز ہمبنٹوٹا کے مہندرا راجاپاکسے اسٹیڈیم میں بولنگ شروع کی تو یہ ایک سال بعد پہلا موقع تھا جب انہوں نے کسی باقاعدہ میچ میں ریڈ بال ہاتھ میں تھامی۔

پہلی اننگز میں شاہین نے 12 اوورز میں 36 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں، جن میں سے تین میڈنز تھے۔ پاکستان نے پہلی اننگز میں چائے سے قبل مخالف ٹیم کو196 رنز پر آؤٹ کردیا۔ آخری دن، میزبان ٹیم کے دوسری اننگز میں شاہین نے چار اوورز میں صرف دو رنز دے کر ایک وکٹ حاصل کی تھی۔ میزبان ٹیم چار وکٹوں پر 88 رنز ہی بنا سکی۔ شان مسعود، بابر اعظم اور سعود شکیل کی نصف سنچریوں کی بدولت پاکستان نے پہلی اننگز میں 342 رنز بنائے۔

ایک سال قبل اسی سری لنکا کے گال ٹیسٹ میں وہ گھٹنے کی تکلیف میں مبتلا ہوگئے تھے لیکن ایک سال بعد ریڈ بال کے ساتھ ان کی واپسی خاصی متاثر کن رہی۔ ان کی گیندوں میں وہی رفتار۔ لینتھ اور سوئنگ نظر آئی جس کے لیے وہ شہرت رکھتے ہیں۔

شاہین شاہ آفریدی ہمبنٹوٹا میں بی بی سی اردو ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہتے ہیں ’میں ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی پر بہت خوش ہوں کیونکہ میری واپسی اسی ملک میں ہو رہی ہے جہاں میں انجرڈ ہوا تھا‘۔

شاہین آفریدی کہتے ہیں ’انجریز کسی بھی کھلاڑی کی زندگی کا حصہ ہیں لیکن واپسی پر خوشی ہے۔ میں ہمیشہ ریڈ بال کرکٹ سے لطف اندوز ہوا ہوں اور اب میں ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی سو وکٹوں سے صرف ایک وکٹ کی دوری پر ہوں جو یقیناً میرے لیے بہت اہم بات ہے‘۔

شاہین شاہ آفریدی کو جو انجری ہوئی تھی اس کے بعد واپسی مرحلہ وار اور ایک طریقہ کار کا تقاضہ کر رہی تھی۔ وہ اس عرصے میں کوئی فرسٹ کلاس میچ نہیں کھیلے۔

گزشتہ سال گال کے پہلے ٹیسٹ کے چوتھے دن فیلڈنگ کے دوران ان کا گھٹنا زخمی ہو گیا تھا۔ آسٹریلیا میں منعقدہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں ان کی واپسی ہوئی تھی لیکن بدقسمتی سے فائنل میں ان کا گھٹنا پھر زخمی ہو گیا جس کی وجہ سے وہ انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے خلاف ہوم سیریز نہ کھیل پائے۔

شاہین شاہ آفریدی کی واپسی پی ایس ایل میں ہوئی جس میں ان کی کپتانی میں لاہور قلندرز نے ٹائٹل جیتا اور اس کے بعد وہ نیوزی لینڈ کے خلاف محدود اوورز کی سیریز میں بھی کھیلے۔

سری لنکا کے اس دورے کے لیے ٹیم میں شامل ہونے سے قبل شاہین شاہ آفریدی نے انگلش کاؤنٹی ناٹنگھم شائر کی نمائندگی بھی کی جس کی وجہ سے انھیں اپنے ورک لوڈ کے مطابق کھیلتے ہوئے ردھم میں آنے کا موقع بھی مل گیا۔

شاہین شاہ آفریدی کہتے ہیں ’وائٹ بال کھیلنے کے بعد ریڈ بال سے ہم آہنگ ہونے میں وقت لگا تاہم کراچی میں کیمپ سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ ٹیسٹ کرکٹ صبر و تحمل کا تقاضہ کرتی ہے جس میں آپ کو اپنے ساتھی بولرز کے ساتھ پارٹنرشپس پر کام کرنا ہوتا ہے۔

گزشتہ سال میں وائٹ بال کرکٹ زیادہ کھیلا لیکن جب میں کاؤنٹی کرکٹ کھیل رہا تھا تو میں نے میچوں کے بعد ریڈ بال سے بھی کئی اوورز کیے تاکہ خود کو اپنے ورک لوڈ کے قریب کر سکوں۔'

شاہین شاہ آفریدی کا کہنا ہے 'یہ کل ہی کی بات معلوم ہوتی ہے جب میں انجرڈ ہوا تھا۔ میں ہمارے فزیو تھراپسٹ سے بات کر رہا تھا۔ میرے لیے کسی بھی فارمیٹ میں ملک کی نمائندگی اعزاز کی بات ہے۔ مجھے امید ہے کہ ہم اس ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کی ابتدا اچھے طریقے سے کریں گے اور اس بار فائنل تک پہنچیں گے پچھلے دو سیزنوں میں ہمیں یہ کمی محسوس ہوئی ہے۔'

شاہین شاہ آفریدی اپنی واپسی پر جس بات سے بہت زیادہ پرجوش ہیں وہ ٹیسٹ کرکٹ میں سو وکٹوں کا سنگ میل ہے۔ وہ یہ اعزاز حاصل کرنے والے گیارہویں پاکستانی تیز بولر ہونگے لیکن اس کے لیے انہیں کافی انتظار کرنا پڑا ہے۔

شاہین شاہ آفریدی پچھلے سال کے گال ٹیسٹ کو یاد کرتے ہوئے کہتے ہیں 'نئی گیند ملنے کا وقت قریب تھا اور میں نئی گیند کو کس طرح استعمال کرنا ہے اس بارے میں سوچ رہا تھا لیکن نئی گیند کے آنے سے پہلے ہی میں انجرڈ ہو گیا۔ میرے لیے کرکٹ سے دور رہنا بہت مشکل تھا لیکن وقت نے مجھے اس عرصے میں سکھایا بھی ہے جس سے مجھے آئندہ پرفارم کرنے میں مدد ملے گی۔'

یاد رہے کہ شاہین آفریدی ابتک 25 ٹیسٹ میچوں میں 24٫86 کی اوسط سے 99 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں جن میں چار بار اننگز میں پانچ وکٹیں اور ایک بار میچ میں دس وکٹوں کی قابل ذکر کارکردگی بھی شامل ہے۔

شاہین شاہ آفریدی کی ایک اور نمایاں بات یہ ہے کہ پچھلے کچھ عرصے میں انہوں نے اپنی بیٹنگ کی صلاحیتوں میں قابل ذکر اضافہ کیا ہے جس کی ایک جھلک انہوں نے پی ایس ایل 8 کے فائنل میں ملتان سلطانز کے خلاف دکھائی جب انہوں نے صرف 15 گیندوں پر 44 رنز ناٹ آؤٹ کی زبردست میچ وننگ اننگز کھیل ڈالی۔

شاہین شاہ آفریدی نے یہی کچھ انٹرنیشنل کرکٹ میں بھی کیا جب انہوں نے نیوزی لینڈ کے خلاف کراچی میں چوتھے ون ڈے انٹرنیشنل کے آخری اوور میں کیا۔ بلیئر ٹکنر کے اوور میں بائیس رنز بناڈالے جس میں تین چھکے اور ایک چوکا شامل تھا۔

شاہین آفریدی کہتے ہیں 'میں پہلے بولر ہوں لیکن جب بھی مجھے اپنے ملک کے لیے بیٹنگ میں کچھ کر دکھانے کا موقع ملے گا میں ایسا ہی کروں گا'۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial